کیسے پہنچوں؟ ان کو شرک سے کیسے بچاؤں؟؟ انہیں نارِ جہنم سے کیسے محفوظ کروں؟؟؟ اللہ ہی ہے جو میری مدد کرے!!! انه سميع مجيب وهو نعم المولى ونعم النصير

محمد اشرف عزیز، ارشد فاروق، عبدالمجید شاہد اور مدیر ''حرمین'' کو صدمہ

ارشد فاروق سیٹھی کے بڑے بھائی، عبدالمجید شاہد برادران کے بہنوئی اور رئیس التحریر ''حرمین'' حافظ عبدالحمید کے برادران لاء شیخ محمد اشرف سیٹھی کو گزشتہ ماہ ایک المناک صدمہ سے دوچار ہونا پڑا۔ جب مورخہ 14 ستمبر بروز ہفتہ کو ان کی اہلیہ اچانک مختصر علالت کے بعد اس دار فانی سے عالم بقاء کو سدھار گئیں۔ انا اللہ وانا الیہ راجعون۔ برادرم سیٹھی صاحب کیلئے یہ سانحہ مزید صدمے کا باعث بنا کہ اس روز وہ اپنے کاروبار کے سلسلے میں ڈیرہ غازی خان گئے ہوئے تھے۔ بروقت اطلاع ہونے کے باوجود سفر کی طوالت کی وجہ سے وہ رات 10 بجے تک جہلم نہ پہنچ سکے۔ جس کی بنا پر وہ پہلے بڑے بھاری جنازہ میں شرکت سے محروم رہ گئے۔

مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند، انتہائی متقی، پرہیزگار خاتون تھیں۔ شرعی پردے کی اس حد تک پابند کہ اپنی آخری بیماری میں بھی لیڈی ڈاکٹر میجر (ر) عذرا کے پاس جانے کیلئے اس لئے اصرار کیا کہ وہ کسی مرد ڈاکٹر کے پاس نہیں جانا چاہتی تھیں۔ مرحومہ بڑی پابندی سے خطبۂ جمعہ اور نماز تراویح مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں ادا کرتی تھیں۔ دینی محفلوں، مجلسوں اور اجتماعات میں شوق سے بیٹیوں سمیت شرکت کرتیں۔ اس مرتبہ بھی جامعہ اُثریہ للبنات کے سالانہ اجتماع میں شرکت کا ارادہ کیا ہوا تھا مگر موت نے اسے مہلت نہ دی۔ کسی بھی ایسی تقریب میں شرکت نہ کرتیں جس میں شرک و بدعات کا شائبہ تک ہوتا۔ خاندان میں کسی ایسی شادی بیاہ کی تقریب میں ہرگز نہ جاتیں جس میں غیر شرعی رسوم مثلاً ڈھول ڈھمکا یا رسم مہندی وغیرہ کا اہتمام کیا جاتا۔ ہر قسم کی ناراضگی مول لے کر ایسے گھروں سے بھجوایا گیا کھانا بھی بڑی جرأت سے واپس کر دیتیں۔ ان جیسی ایمان والی خواتین سے زمانہ ناپید ہوتا جا رہا ہے۔

دعا ہے کہ اللہ رب العزت مرحومہ کی لغزشوں اور صغیرہ کبیرہ گناہوں سے درگزر فرمائے۔ اس کی نیکیوں کو شرف قبولیت سے نوازے۔ اور ان کے لواحقین بالخصوص اس کی دو بیٹیوں کو صبر جمیل عطا فرمائے جن کے سروں سے ان کی پیاری ماں کا سایہ اس عمر میں اٹھ گیا۔ اللهم اغفرلها وارحمها . آمین